**یہ نوٹس آپ کے قانونی حقوق سے آگاہی کے متعلق ہے**
**براہ کرم اسے غور سے پڑھیں**

*جیسنٹو گومیز اوواِنڈو وغیرہ بنام ماؤنٹیر فارمز انکارپوریٹڈ وغیرہ*
شمالی کیرولائنا کے مشرقی ضلع کے لیے ریاستہائے متحدہ کی ضلعی عدالت ،
سول ایکشن نمبر7:23-cv-00004-M-RJ

## مجوزہ کلاس اور اجتماعی کارروائی کے تصفیہ کا نوٹس

بخدمت جناب:

<<EmployeeName>>
<<Address1>> <<Address2>>
<<City>>, <<State>> <<Zip>>

حوالہ:
مونٹیئر فارمز انکارپوریٹڈ اور مونٹیئر فارمز آف نارتھ کیرولائنا کارپوریشن ("مونٹیئر" یا "مدعا علیہان") کے نارتھ کیرولائنا میں واقع چکن پروسیسنگ پلانٹس میں کام کرنے والے غیر مستثنیٰ ملازمین کی جانب سے واجب الادا تنخواہوں کے دعووں کی تصفیہ کاری۔ یہ تصفیہ ان ملازمین کی طرف سے کیا جا رہا ہے جو ماضی میں مذکورہ اداروں کے ساتھ ملازمت میں رہے اور جنھوں نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف قانونی کارروائی کی درخواست کی۔

***آپ کے قانونی حقوق متاثر ہوتے ہیں چاہے آپ کام کریں یا نہ کریں۔*** آپ کے آپشنز ذیل میں بیان کیے گئے ہیں۔

| **اس تصفیہ میں قانونی حقوق اور آپشنز کا خلاصہ:** | |
|---|---|
| کلیم فارم جمع کروائیں | تصفیہ کی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے آپ کو اس نوٹس کے ساتھ فراہم کردہ کلیم فارم کو مکمل کرنا ہوگا اور اسے سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر کو دی گئی ہدایات کے مطابق واپس کرنا ہوگا۔ آپ فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ ("FLSA") اور نارتھ کیرولائنا ویج اینڈ آور ایکٹ ("NCWHA") کے تحت کلیمم کی ادائیگیوں کے پابند ہوں گے اور ماؤنٹیئر اور اس کے ریلیز کرنے والوں پر ریلیز میں شامل دعووں کے لیے الگ سے مقدمہ کرنے کا حق کھو دیں گے ۔<br><br>اس تصفیہ سے ادائیگی حاصل کرنے کے لیے آپ کو لازمی طور پر منسلک کلیم فارم **October 1, 2025** تک واپس کرنا ہوگا۔ |
| کچھ نہ کریں | اگر آپ کچھ بھی *نہ* کریں اور دعوے کا فارم واپس *نہ* بھیجیں، تو آپ کو تصفیے کی رقم نہیں ملے گی، لیکن اس کے باوجود آپ نورَتھ کیرولائنا ویج اینڈ آور ایکٹ (NCWHA) کے تحت اپنے کسی بھی ممکنہ دعوے سے دستبردار سمجھے جائیں گے۔ تاہم، آپ فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ (FLSA) کے تحت اپنے دعووں سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ البتہ، اگر آپ نے پہلے ہی مقدمہ *جسِنٹو گومیز اووانڈو و دیگر بمقابلہ ماؤنٹیئر فارمز، اِنک و دیگر*، کیس نمبر: 7:23-cv-00004-M-RJ-میں شامل ہونے کی باقاعدہ اجازت جمع کروائی ہے، تو یہ استثنا آپ پر لاگو ہوگا۔ ایسی صورت میں، آپ کو اس تصفیے میں شامل ہونے کے لیے الگ سے دعوے کا فارم جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ |
| اپنے آپ کو تصفیہ سے الگ کرنا | اگر آپ اس تصفیے میں شامل نہیں ہونا چاہتے، تو آپ ذیل میں دی گئی سیکشن 14 کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے خود کو الگ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ خود کو الگ کرنا چاہتے ہیں، تو دعوے کا فارم جمع نہ کروائیں۔<br><br>صرف وہ افراد جو خود کو الگ کریں گے، مستقبل میں NCWHA کے تحت اپنی ذاتی قانونی کارروائی یا دعویٰ دائر کرنے کا حق محفوظ رکھ سکیں گے۔ جو افراد خود کو اس عمل سے الگ کریں گے، وہ اس تصفیے کا حصہ نہیں ہوں گے، اس لیے نہ تو ان کے NCWHAسے متعلق دعوے خارج کیے جائیں گے اور نہ ہی وہ اس تصفیے کے تحت کسی مالی ادائیگی کے حق دار ہوں گے۔ |
| اعتراض | اگر آپ نے ماؤنٹیئر کے نورَتھ کیرولائنا میں واقع کسی چکن پروسیسنگ یونٹ میں نان-ایگزمپٹ چکن پروسیسنگ ملازم کے طور پر کسی بھی وقت 10جنوری 2020 سے 20دسمبر 2024 کے درمیان کام کیا ہے، اور آپ نے خود کو سیکشن 14 میں دی گئی ہدایات کے مطابق اس تصفیے سے الگ نہیں کیا، تو آپ عدالت کو تحریری طور پر یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ اس تصفیے پر اعتراض کیوں رکھتے ہیں۔ |

**یہ حقوق اور آپشنز – اور ان پر عمل کرنے کی آخری تاریخ – اس نوٹس میں بیان کیے گئے ہیں۔**

## تعارف

عدالت نے اس مقدمے میں ایک مجوزہ تصفیے کی عبوری منظوری دے دی ہے۔ یہ نوٹس عدالت کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ کسی وکیل کی طرف سے دیا گیا اشتہار نہیں ہے۔

اگر آپ اس تصفیے میں شامل ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کی اندازاً واجب الادا رقم معلوم کرنے کے لیے آپ سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں، جن کی تفصیل نیچے دی گئی ہے۔ یہ ادائیگیاں صرف اُن افراد کو کی جائیں گی جو دعوے کا فارم جمع کروائیں گے، بشرطیکہ عدالت اس تصفیے کی منظوری دے اور اپیلوں کا عمل مکمل ہو جائے۔

آپ کو یہ نوٹس اس لیے موصول ہوا ہے کیونکہ ریکارڈ کے مطابق آپ نے ماؤنٹیئر کے نورَتھ کیرولائنا میں واقع کسی چکن پروسیسنگ سہولت پر نان-ایگزمپٹ چکن پروسیسنگ ملازم کے طور پر 10جنوری 2020 سے 20دسمبر 2024 کے درمیان کسی بھی وقت کام کیا ہے-

## عمومی معلومات

| |
|---|
| **1. یہ مقدمہ کس بارے میں ہے؟** |

10جنوری 2023 کو جسِنٹو گومیز اوواندو اور ماریا دل کارمِن پیریلٹا بایزا (جنہیں "نامزد مدعیان" کہا گیا ہے) نے اپنی طرف سے اور اُن دیگر ملازمین کی جانب سے جو مبینہ طور پر انہی جیسے حالات سے گزرے، ماؤنٹیئر کے خلاف مقدمہ دائر کیا۔ ان کا دعویٰ تھا کہ ماؤنٹیئر نے ان سے مکمل کام کے گھنٹوں کی تنخواہ ادا نہیں کی اور انہیں واجب الادا اوورٹائم نہیں دیا، جو کہ فیئر لیبر اسٹینڈرڈز ایکٹ (FLSA)اور نورَتھ کیرولائنا ویج اینڈ آور ایکٹ (NCWHA) کی خلاف ورزی ہے۔ مدعیان نے یہ بھی الزام لگایا کہ ماؤنٹیئر نے ان کی تنخواہوں سے ذاتی حفاظتی ساز و سامان اور چکن کی خریداری کے نام پر غیرقانونی کٹوتیاں کیں۔

ماؤنٹیئر نے ان تمام الزامات کی تردید کی ہے اور کہا ہے کہ اس نے نہ تو FLSAیا NCWHAکی خلاف ورزی کی، اور نہ ہی کسی طرح کی قانونی ذمہ داری قبول کی۔ تاہم، قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے ماؤنٹیئر نے بغیر کسی جرم یا ذمہ داری کو تسلیم کیے، ان دعوؤں پر تصفیہ کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔

عدالت نے ابھی تک کسی فریق کے حق میں فیصلہ نہیں دیا۔ فریقین نے بغیر کسی فریق کی غلطی تسلیم کیے، یہ تصفیہ تجویز کیا ہے اور عدالت نے اس تجویز کے بارے میں اہل افراد کو آگاہ کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

| |
|---|
| **2۔" کلیکٹیو ایکشن" اور "کلاس ایکشن" کیا ہوتے ہیں، اور اس میں کون شامل ہے؟** |

FLSAکے تحت، اگر عدالت یہ طے کرے کہ مقدمہ "کلیکٹیو ایکشن" کے طور پر چلایا جا سکتا ہے، تو ایسے تمام افراد جو "اسی طرح کی صورت حال" سے گزرے ہوں، وہ اپنا اوورٹائم اور دیگر واجبات حاصل کرنے کے لیے مقدمے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اس طرح کے کلیکٹیو ایکشن میں، افراد کو تحریری اجازت دے کر مقدمے میں "آپٹ ان" کرنا ہوتا ہے۔ انہیں "آپٹ-اِن مدعیان" بھی کہا جاتا ہے۔

یہ طریقہ اُس عام طور پر معروف "کلاس ایکشن" سے مختلف ہوتا ہے جس میں مقدمے میں شامل ہونے کے لیے تحریری اجازت دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ "کلاس ایکشن" میں نامزد مدعی پورے گروہ یا "کلاس" کی طرف سے مقدمہ دائر کرتے ہیں، اور اگر عدالت کیس کو "کلاس ایکشن" تسلیم کرے تو گروہ کے تمام افراد خودکار طور پر شامل ہو جاتے ہیں، جب تک کہ وہ تحریری طور پر علیحدگی کی درخواست نہ دیں۔ وفاقی عدالتوں میں ان مقدمات کو کبھی کبھار "رول 23 کلاس ایکشن" بھی کہا جاتا ہے۔

اس کیس میں جسنٹو گومیز اوواندو اور ماریا دل کارمِن پیریلٹا بایزا نے یہ مقدمہ FLSAکے تحت کلیکٹیو ایکشن اور نورَتھ کیرولائنا کے قانون کے تحت کلاس ایکشن کے طور پر دائر کیا۔ تجویز کردہ کلیکٹیو ایکشن اُن تمام نان-ایگزمپٹ چکن پروسیسنگ ملازمین پر مشتمل ہوگا جنہوں نے 10جنوری 2020 سے 20دسمبر 2024 کے دوران ماؤنٹیئر میں کام کیا اور جو مقدمے میں شامل ہونے کے لیے عدالت میں تحریری اجازت جمع کروائیں گے۔ اسی مدت کے دوران کام کرنے والے نان-ایگزمپٹ ملازمین کے لیے مدعیان نے ریاستی قانون کے تحت کلاس ایکشن دائر کرنے کی کوشش کی ہے۔

دونوں اقسام کے مقدمات میں، عدالت سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مقدمے کو کلاس یا کلیکٹیو ایکشن کے طور پر منظور کرے۔ اگر عدالت یہ منظوری دے دے تو مقدمے کے تمام "آپٹ-اِن" افراد اور کلاس ممبران پر وہی فیصلے لاگو ہوں گے۔ یو ایس ڈسٹرکٹ کورٹ فار دی ایسٹرن ڈسٹرکٹ آف نورَتھ کیرولائنا اس مجوزہ کلیکٹیو اور کلاس ایکشن کی نگران عدالت ہے۔ اس تصفیے کے لیے عدالت نے

عارضی طور پر مدعیان کے کلیکٹیو اور کلاس ایکشن کو تسلیم کیا ہے اور اہل افراد کو نوٹس جاری کرنے کی اجازت دی ہے تاکہ وہ فیصلہ کر سکیں کہ وہ اس تصفیے کا حصہ بننا چاہتے ہیں یا نہیں۔

| **3۔ اس مجوزہ تصفیے میں کون شامل ہے؟** |
|---|

عدالت نے درج ذیل دو گروہوں کو مجوزہ تصفیے کے لئے اہل قرار دیا ہے، یعنی اگر یہ افراد دعوے کا فارم جمع کروائیں تو انہیں ادائیگی کی جائے گی:

**الف۔ FLSA کلیکٹیو ممبران :**وہ تمام نان-ایگزمپٹ چکن پروسیسنگ ملازمین جنہوں نے ماؤنٹیئر کے نورَتھ کیرولائنا میں واقع کسی چکن پروسیسنگ یونٹ میں 10جنوری 2020 سے 20دسمبر 2024 کے دوران کام کیا ہو۔

**ب۔ رول 23 سیٹلمنٹ کلاس ممبران :**وہ تمام نان-ایگزمپٹ چکن پروسیسنگ ملازمین جنہوں نے ماؤنٹیئر کے نورَتھ کیرولائنا میں واقع کسی چکن پروسیسنگ یونٹ میں اسی مدت کے دوران کام کیا ہو۔

| **4۔ کیا مجھے دعوے کا فارم جمع کروانا ہوگا؟** |
|---|

اگر آپ تصفیے کے لیے اہل ہیں اور اس میں شامل ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو یو ایس پوسٹ کے ذریعے منسلک فارم October 1, 2025 تک بھیجنا ہوگا تاکہ یہ وقت پر پوسٹ مارک ہو جائے۔
اگر آپ نے پہلے ہی مقدمہ Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al., CA No.: 7:23-cv-00004-M-RJمیں شرکت کی باقاعدہ اجازت جمع کروائی تھی، تو آپ کو دوبارہ دعوے کا فارم جمع کروانے کی ضرورت نہیں۔

## سیٹلمنٹ کے فوائد – آپ کو کیا ملے گا اور آپ کیا چھوڑیں گے؟

| **5۔ سیٹلمنٹ کی شرائط اور فوائد کیا ہیں؟** |
|---|

فریقین نے کل $7,260,000کی رقم پر تصفیہ کرنے پر اتفاق کیا ہے، جس میں تمام ممکنہ واجبات جیسے کہ بقایا اجرت، اوورٹائم، ہرجانے، سود، وکلاء کی فیس، اخراجات، نامزد مدعیان کو دی جانے والی خدماتی رقوم، اور سیٹلمنٹ سے متعلق دیگر اخراجات شامل ہیں۔

عدالت میں حتمی منظوری کی سماعت ہوگی۔ اگر عدالت اس تصفیے کی منظوری دیتی ہے، اور آپ نے وقت پر دعوے کا فارم جمع کروایا ہو، تو آپ کو ادائیگی کی جائے گی۔ تاہم، اس رقم پر کسی بھی قسم کے ٹیکس کی ادائیگی آپ کی ذمہ داری ہوگی۔

جو رقوم وکلاء کی فیس، خدماتی رقوم اور سیٹلمنٹ کی عملداری پر خرچ ہوں گی، وہ "گراس سیٹلمنٹ اماؤنٹ" میں سے منہا کی جائیں گی۔ اس کے بعد بچ جانے والی رقم (جسے "نیٹ سیٹلمنٹ اماؤنٹ" کہا جاتا ہے) ان تمام اہل افراد میں تقسیم کی جائے گی جنہوں نے درست فارم وقت پر جمع کروایا ہو۔ ہر فرد کو اس کے واجب الادا حصے کے مطابق رقم دی جائے گی، جو مدعیان کے وکلاء کی جانب سے دیے گئے ریکارڈ کی روشنی میں طے کی جائے گی۔ ادائیگیاں صرف اُن افراد کو کی جائیں گی جنہوں نے وقت پر درست فارم جمع کروایا ہو۔ یہ سارا عمل ایک آزاد تیسرے فریق سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر کی نگرانی میں مکمل ہوگا، جسے عدالت نے منظوری دی ہے۔

اگر کوئی فرد جو تصفیے کے لیے اہل ہے، مقررہ وقت پر فارم جمع نہیں کرواتا (سوائے ان افراد کے جو پہلے ہی مقدمے میں شامل ہو چکے ہیں)، تو اس فرد کا حصہ ادا نہیں کیا جائے گا اور کل تصفیے کی رقم اتنی ہی کم ہو جائے گی۔ جو افراد خود کو تصفیے سے الگ کریں گے، ان کے حصے کی رقم بھی ماؤنٹیئر کے پاس ہی رہے گی اور سیٹلمنٹ میں شامل نہیں ہوگی۔

| **6۔ اگر میں تصفیے میں شامل رہا تو مجھے کون سے دعووں سے دستبردار ہونا ہوگا؟** |
|---|

اگر آپ تصفیے میں شامل ہوتے ہیں یا اس سے علیحدگی کی درخواست نہیں دیتے، تو آپ کچھ مخصوص دعووں سے دستبردار ہو جائیں گے۔

اگر آپ اس سیٹلمنٹ میں شامل ہوتے ہیں یا خود کو اس سے علیحدہ کرنے کی باقاعدہ درخواست نہیں دیتے، تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ کچھ قانونی دعوؤں سے دستبردار ہو رہے ہیں۔ ہر وہ فرد جو Rule 23 سیٹلمنٹ کلاس ممبر ہے اور مقررہ مدت میں خود کو اس سیٹلمنٹ سے الگ نہیں کرتا، چاہے اس نے کلیم داخل کیا ہو یا نہیں، اور چاہے اُسے انفرادی ادائیگی ملتی ہو یا نہ ہو، وہ اجرت اور کام کے اوقات سے متعلق اپنے تمام دعووں سے دستبردار شمار ہو گا — خواہ وہ دعوے ظاہر ہوں یا ابھی معلوم نہ ہوں، چاہے وہ کسی عام قانون، وفاقی، ریاستی یا مقامی ضابطے، قانون، قاعدے یا اصول کے تحت ہوں۔ ان دعوؤں میں نارتھ کیرولائنا ویج اینڈ آور ایکٹ یعنی N.C. Gen. Stat. § 95-25.1, et seq. بھی شامل ہے، لیکن FLSA کے تحت آنے والے دعوے شامل نہیں ہوں گے۔

یہ دستبرداری اُن تمام معاملات پر لاگو ہوگی جو ان افراد نے مقدمے میں اٹھائے یا قانونی طور پر اٹھا سکتے تھے، خصوصاً وہ دعوے جو ابتدائی یا ترمیم شدہ شکایت میں بیان کردہ حالات سے تعلق رکھتے ہوں۔ ان میں اجرت و وقت سے متعلق ہر قسم کے مطالبات، حقوق، ذمے داریاں اور قانونی کارروائیاں شامل ہوں گی، مثلاً 1) تمام کام کے گھنٹوں کی اجرت کی عدم ادائیگی؛ 2) تنخواہ یا معاوضے میں غیر قانونی کٹوتی؛ 3) کم از کم اجرت کی ادائیگی میں ناکامی؛ 4) اوور ٹائم کی ادائیگی کے درست حساب میں ناکامی؛ 5) وہ رقوم جو کسی واضح معاہدے، لیبر ایگریمنٹ یا مفروضہ معاہدے کے تحت ادا کی جانی تھیں لیکن نہ کی گئیں، یا جن کی عدم ادائیگی کوانٹم میریوٹ، اَن جسٹ اِن رشمنٹ، فراڈ، نیگلیجنٹ مِس ریپریزنٹیشن، ایکوی ٹیبل اسٹاپل، پرامِسری اسٹاپل یا کنورژن جیسے قانونی اصولوں کی خلاف ورزی ہو؛ 6) ان ریکارڈز کو محفوظ نہ رکھنا جو اجرت اور وقت سے متعلق قوانین کے تحت لازمی ہیں؛ 7) ایسے فوائد یا رقوم کی عدم فراہمی جو کسی بھی بینفٹ پلان، پروگرام، معاہدے یا ترتیب کے تحت واجب الادا ہوں؛ اور 8) ان قوانین کی خلاف ورزیوں کی شکایت پر انتقامی کارروائی۔

یہ دستبرداری وفاقی، ریاستی اور مقامی سطح پر موجود ہر اُس دعوے پر لاگو ہوگی جو کام کے گھنٹوں یا ادا نہ کی گئی اجرت سے متعلق ہو — البتہ FLSA کے تحت دائر دعوے یا وہ دعوے جو قانونی طور پر ترک نہیں کیے جا سکتے، اس میں شامل نہیں ہوں گے۔ مندرجہ بالا کے علاوہ، ہر وہ فرد جو پیوٹیٹو FLSA اجتماعی ممبر ہے اور کلیم فارم داخل کرتا ہے، اور اس وجہ سے فرد واحد کے سیٹلمنٹ معاوضے کا مستحق بنتا ہے، وہ FLSA کے تحت اپنے تمام اجرت اور اوقات کار سے متعلق دعووں سے بھی دستبردار ہو گا، چاہے وہ دعوے معلوم ہوں یا غیر معلوم، قانونی ہوں یا اخلاق بنیاد پر۔ یہ دعوے بھی انہی واقعات و حالات سے متعلق ہوں گے جو شکایت یا ترمیم شدہ شکایت میں بیان کیے گئے ہیں، اور ان میں شامل ہوں گے: اجرت، بونس، کمیشن، اوورٹائم، چھٹیوں کی تنخواہ، نوکری کے خاتمے پر ملنے والی رقوم، اور ان سے متعلق ہر طرح کے نقصانات، جرمانے، سود، وکلا کی فیس، عدالتی اخراجات، بحالی یا دیگر کوئی بھی معاوضہ جو قانونی طور پر اجرت کی عدم ادائیگی یا اوقات کار کی درست ریکارڈنگ نہ ہونے کے سبب پیدا ہوا ہو۔ یہ خاص طور پر درج ذیل معاملات کو بھی کور کرے گا: 1) کام کے تمام گھنٹوں کی اجرت کی عدم ادائیگی؛ 2) تنخواہ سے کٹوتی؛ 3) کم از کم اجرت کی ادائیگی میں کوتاہی؛ 4) اوورٹائم کے واجبات کی عدم ادائیگی؛ 5) معاہدے یا قانونی اصولوں کی خلاف ورزی پر مبنی بقایا جات کی عدم ادائیگی؛ 6) درکار ریکارڈز کی عدم حفاظت؛ 7) اجرت کی بنیاد پر کسی فائدے یا معاوضے کے پلان سے محرومی؛ اور 8) اجرت و اوقات کار کے قوانین کی خلاف ورزی پر شکایت کرنے پر انتقامی کارروائی۔ یہ پیراگراف صرف اُن دعوؤں کا احاطہ کرتا ہے جو FLSA کے تحت دائر ہوتے ہیں، جبکہ ایسے دیگر دعوے جو قانوناً ترک نہیں کیے جا سکتے، اس میں شامل نہیں ہوں گے۔

## کلاس کونسل اور کلاس کونسل، نامزد مدعیان اور سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹرز کی ادائیگی سے متعلق معلومات

### 7۔ کلاس کونسل کون ہے؟

اس سیٹلمنٹ کے سلسلے میں عدالت نے جن وکلاء کو کلاس کونسل مقرر کیا ہے، ان کے نام درج ذیل ہیں:

گلڈا ایڈرِیانا ہرنانڈیز، .Esq
ہنّا بی۔ سیمنز، Esq.ا
میتھیو ایس۔ مارلو، .Esq
**دی لا آفسز آف گلڈا اے۔ ہرنانڈیز، پی ایل سی**
215 S. Academy Street
Cary, NC 27511
(919) 741-8693
ghernandez@gildahernandezlaw.com
hsimmons@gildahernandezlaw.com
mmarlowe@gildahernandezlaw.com
www.gildahernandezlaw.com

اگر آپ کو اس مقدمے سے متعلق کوئی سوالات ہوں تو آپ براہ راست کلاس کونسل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس مقدمے میں آپ کو ذاتی وکیل رکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ وکلاء آپ کی جانب سے کام کر رہے ہیں۔ تاہم، اگر آپ چاہیں تو ذاتی وکیل مقرر کر سکتے ہیں، مگر اس کی لاگت آپ کو خود برداشت کرنا ہو گی۔

### 8۔ کیا وکلاء کے فیس، اخراجات اور مقدمے کی لاگت کی منظوری طلب کی جائیگی؟

جی ہاں۔ کلاس کونسل عدالت سے یہ درخواست کرے گی کہ گراس سیٹلمنٹ اماؤنٹ کا ایک تہائی حصہ (یعنی $2,420,000.00) ان کی خدمات اور مقدمے کے اخراجات کی مد میں ادا کیا جائے۔ عدالت یہ اختیار رکھتی ہے کہ وہ اس سے کم رقم منظور کرے۔ عدالت اس درخواست کا حتمی فیصلہ فائنل فیئرنیس ہیئرنگ میں کرے گی۔ یہ بات واضح رہے کہ وکلاء کی فیس اور دیگر اخراجات آپ کی انفرادی سیٹلمنٹ ادائیگی سے منہا نہیں کیے جائیں گے۔ تاہم، اس رقم کا آپ پر لاگو حصہ بطور آمدنی شمار کیا جائے گا اور اسے I.R.S. فارم 1099- Misc پر رپورٹ کیا جائے گا۔ وکلاء کی فیس اور اخراجات کو گراس سیٹلمنٹ اماؤنٹ میں سے اس وقت منہا کیا جائے گا جب آپ کی ادائیگی کا حساب لگایا جائے گا۔

### 9۔ کیا نامزد مدعیان کو اضافی ادائیگی ملے گی؟

جی ہاں، بشرطِ عدالت منظوری دے۔ ہر نامزد مدعی عدالت سے یہ استدعا کرے گا کہ اسے $15,000.00 کی سروس ایوارڈ دی جائے، جو اس بات کا اعتراف ہو گا کہ انہوں نے اپنی طرف سے اور ان دیگر افراد کی طرف سے جو اسی صورتِ حال سے دوچار سمجھے جا رہے ہیں، یہ دعویٰ دائر کیا، تعاون فراہم کیا اور اپنا عمومی دعویٰ واپس لے لیا۔ عدالت یہ رقم مسترد کر سکتی ہے یا اس سے کم منظور کر سکتی ہے۔ فائنل اپروول ہیئرنگ میں عدالت اس سروس ایوارڈ پر حتمی فیصلہ کرے گی۔ یہ ادائیگی بھی گراس سیٹلمنٹ اماؤنٹ سے منہا کی جائے گی، اور اس کے بعد آپ کی ممکنہ سیٹلمنٹ رقم کا حساب کیا جائے گا۔

### 10۔ سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر کے اخراجات کیسے ادا کیے جائیں گے؟

اس سیٹلمنٹ کی نگرانی اور عمل درآمد کے تمام اخراجات گراس سیٹلمنٹ اماؤنٹ سے ادا کیے جائیں گے، اور یہ اخراجات آپ کی ممکنہ سیٹلمنٹ رقم کا حساب لگانے سے پہلے منہا کیے جائیں گے۔

## سیٹلمنٹ کے متعلق آپشنز – کلیم فارم جمع کروانا

### 11۔ میں ادائیگی کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

سیٹلمنٹ کی رقم حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کلیم فارم کو مکمل طریقے سے پُر کریں، اس پر دستخط کریں، اور اسے مقررہ وقت میں سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹرکو بذریعہ یو ایس میل واپس بھیجیں۔ اس کے لیے آپ کو ایک پوسٹیج پری پیڈ لفافہ بھیجا جا رہا ہے، جس کا استعمال کر کے آپ فارم واپس کر سکتے ہیں۔

آپ کا فارم وقت پر تصور کیا جائے گا اگر وہ October 1, 2025 سے پہلے یو ایس میلکے ذریعے بھیجا گیا ہو اور اس پر اسی تاریخ سے پہلے کی پوسٹ مارک موجود ہو۔

اگر آپ کلیم فارم کھو بیٹھیں، یا غلطی سے ضائع ہو جائے، یا آپ کو دوبارہ فارم کی ضرورت ہو، تو آپ سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر سے فون نمبر 1-(888) 330-3975 پر رابطہ کر کے نیا فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

### 12۔ مجھے کتنی رقم ملنے کی توقع ہو سکتی ہے؟

اگر عدالت اس سیٹلمنٹ کی منظوری دے دیتی ہے، تو آپ کی ادائیگی کی رقم ماونٹیئر کی فراہم کردہ ملازمت کی مدت اور پے رول سے متعلق دیگر معلومات کی بنیاد پر طے کی جائے گی۔اپنی متوقع ادائیگی کی رقم جاننے کے لیے آپ سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر سے اس فون نمبر پر 1-(888) 330-3975 رابطہ کریں۔

آپ کو دی جانے والی رقم دو حصوں میں تقسیم ہو گی: 50٪ حصہ ان دعووں کے لیے مخصوص ہو گا جو مقدمے میں اجرت یا تنخواہ سے متعلق نقصانات کے طور پر پیش کیے گئے ہیں، جبکہ باقی 50٪حصہ ان دعووں کے لیے ہو گا جو طے شدہ ہرجانہ اور دیگر قانونی ریلیف سے متعلق ہیں۔ اجرت سے متعلق دعوے کی مد میں دی جانے والی رقم پر وہی کٹوتیاں لاگو ہوں گی جو عام تنخواہ پر لاگو ہوتی ہیں۔ یہ رقم I.R.S. Form W-2 پر ظاہر کی جائے گی۔جبکہ طے شدہ ہرجانہ اور دیگر ریلیف سے متعلق حصہ کو غیر اجرتی آمدنی سمجھا جائے گا اور I.R.S. Form 1099 پر ظاہر کیا جائے گا (اگر لاگو ہو)۔

**13۔ مجھے ادائیگی کب ملے گی؟**

اگر آپ سیٹلمنٹ میں شامل ہونے کے اہل ہیں، اور وقت پر مکمل کلیم فارم جمع کروا دیتے ہیں، تو آپ کو سیٹلمنٹ کی مؤثر تاریخ کے بعد تقریباً 21دن میں چیک بھیج دیا جائے گا، یا ممکنہ حد تک جلد۔تاہم، سیٹلمنٹ کے نافذ ہونے سے قبل چند مراحل مکمل ہونے ضروری ہیں: سیٹلمنٹ کلاس ممبران کو اعتراض یا آپٹ آوٹ کرنے کا موقع دیا جائے گا، عدالت سیٹلمنٹ کی منصفانہ نوعیت پر سماعت کر کے حتمی منظوری دے گی، اور اگر عدالت کے فیصلے کے خلاف کوئی اپیل دائر کی گئی ہو تو اس کا فیصلہ بھی ضروری ہو گا۔ براہِ کرم صبر سے کام لیں۔ اپنے میل پر نظر رکھیں اور جب چیک موصول ہو، تو فوراً نقد کروائیں۔ **چیک جاری ہونے کے 180دن کے اندر کیش نہ کروانے کی صورت میں وہ ناقابلِ استعمال ہو جائے گا۔**

## سیٹلمنٹ سے متعلق آپشنز – خود کو سیٹلمنٹ سے الگ کرنا

**14۔ میں خود کو سیٹلمنٹ سے کیسے الگ کر سکتا/سکتی ہوں؟**

اگر آپ رول 23 سیٹلمنٹ کلاس ممبر ہیں اور سیٹلمنٹ کا حصہ نہیں بننا چاہتے، تو آپ خود کو اس کارروائی سے علیحدہ کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ یاد رکھیں، اگر آپ نے خود کو الگ کرنے کا فیصلہ کر لیا تو پھر آپ کو اس سیٹلمنٹ پر اعتراض اٹھانے کا حق حاصل نہیں رہے گا۔ خود کو الگ کرنے کی آخری تاریخ October 1, 2025 ہے۔ اگر آپ نے پہلے Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al., CA No.: 7:23-cv-00004-M-RJ کے مقدمے میں شامل ہونے کے لیے شمولیت کیلئے رضامندی دائر کر رکھی ہے، تو آپ اس سیٹلمنٹ سے الگ ہونے کے اہل نہیں ہوں گے۔ یہ آخری تاریخ حتمی ہے، اور جو درخواستیں وقت پر موصول نہ ہوں یا جن پر پوسٹ مارک مقررہ تاریخ کے بعد کا ہو، وہ قبول نہیں کی جائیں گی۔ **اگر آپ خود کو سیٹلمنٹ سے علیحدہ کرتے ہیں، تو آپ کو کسی قسم کی ادائیگی نہیں دی جائے گی۔** اپنے آپ کو الگ کرنے کے لیے، آپ کو سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر کو ایک تحریری بیان ارسال کرنا ہو گا جس میں واضح طور پر یہ درج ہو کہ آپ اس سیٹلمنٹ سے الگ ہونا چاہتے ہیں۔ بیان کے اوپر درج ہونا چاہیے:

*"Request for Exclusion from Settlement in Jacinto Gomez Ovando et al. v. Mountaire Farms, Inc., et al."*

براہِ کرم اپنا پورا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر، اور دستخط لازماً شامل کریں۔ تمام تحریری درخواستیں صرف فرسٹ کلاس یو ایس میل کے ذریعے بھیجی جائیں اور ان پرOctober 1, 2025 سے پہلے کی پوسٹ مارک ہونی چاہیے۔ درخواستیں درج ذیل پتے پر بھیجی جائیں:

Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al.
Settlement Administrator
c/o CPT Group, Inc.
50 Corporate Park, Irvine, CA 92606
Email: GomezOvandoNCChickenProcessingLawsuit@cptgroup.com
Website: www.GomezOvandoNCChickenProcessingLawsuit.com

آپ فون یا ای میل کے ذریعے خود کو سیٹلمنٹ سے الگ نہیں کر سکتے۔ اگر آپ کی درخواست مقررہ معلومات کے بغیر ہو یا وقت پر موصول نہ ہو، تو آپ رول 23 سیٹلمنٹ کلاس کے رکن تصور کیے جائیں گے اور عدالت کے حتمی فیصلے کے پابند ہوں گے۔

تاہم، اگر آپ نے بروقت اور درست انداز میں خود کو الگ کرنے کی درخواست دے دی، تو آپ عدالت کے فیصلے کے پابند نہیں ہوں گے، اور آپ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ آپ مستقبل میں NCWHA کے تحت اپنے ذاتی دعوے عدالت میں لے جا سکیں۔ البتہ، یہ ذہن میں رکھیں کہ قانون میں موجود سٹیچیوٹس آف لمیٹیشن کی وجہ سے آپ کے مقدمہ دائر کرنے کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔

## سیٹلمنٹ پر اعتراض کرنے کا طریقہ

**15۔ اگر مجھے سیٹلمنٹ کی شرائط سے اختلاف ہو تو میں عدالت کو کیسے آگاہ کر سکتا/سکتی ہوں؟**

یاد رکھیں، آپ صرف اسی صورت میں سیٹلمنٹ پر اعتراض کر سکتے ہیں اگر آپ نے خود کو سیٹلمنٹ سے الگ کرنے کی درخواست نہ دی ہو۔اگر آپ رول 23 سیٹلمنٹ کلاس کے رکن ہیں، تو آپ سیٹلمنٹ کی شرائط، وکلاء کی فیس اور اخراجات، یا شناخت شدہ شکایت کنندہکو دی جانے والی سروس ایوارڈز پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اعتراض دائر کرتے ہیں اور عدالت نے سیٹلمنٹ منظور کر لی، تو آپ کو مستقبل میں اسی نوعیت کے کسی علیحدہ مقدمے کا حق حاصل نہیں رہے گا، اور آپ عدالت کے حتمی فیصلے اور تمام احکامات کے پابند ہوں گے۔ اگر آپ چاہیں تو وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں، تاہم اس کا خرچ آپ کو خود برداشت کرنا ہو گا۔

اعتراض دائر کرنے کے لیے آپ کو عدالت، کلاس کونسل، اور ماونٹئر کے وکیل کو ایک تحریری بیان بھیجنا ہو گا جس میں آپ یہ وضاحت کریں کہ آپ کو سیٹلمنٹ پر اعتراض کیوں ہے۔ بیان کے اوپر مقدمے کا مکمل عنوان اور کیس نمبر ہونا چاہیے: *Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al., CA No.: 7:23-cv-00004-M-RJ* بیان میں آپ کا نام،

پتہ، اور ہر اعتراض کی تفصیلی وضاحت موجود ہونی چاہیے۔ اگر آپ کسی وکیل کے ذریعے نمائندگی حاصل کر رہے ہیں، تو اس وکیل کا نام اور پتہ بھی شامل کریں۔ **آپ کو اعتراض کی کاپیاں عدالت، کلاس کونسل، اور ماونٹیر کے وکلاء کو October 1, 2025تک بذریعہ یو ایس میل ارسال کرنا ہوں گی۔**

**THE COURT**
Clerk of Court
U.S. District Court for the
Eastern District of North Carolina
PO Box 25670
Raleigh, NC 27611

**CLASS COUNSEL**
Gilda A. Hernandez, Esq.
Hannah B. Simmons, Esq.
Matthew S. Marlowe, Esq.
**THE LAW OFFICES OF GILDA A. HERNANDEZ, PLLC**
215 S. Academy Street
Cary, NC 27511
*Attorneys for Plaintiffs*

**COUNSEL FOR DEFENDANTS**
Joshua Waxman
**LITTLER MENDELSON, P.C.**
815 Connecticut Avenue, NW, Suite 400
Washington, DC 20006-4046

Michael S. McIntosh
**LITTLER MENDELSON, P.C.**
1800 Tysons Blvd., Suite 500
Tysons Corner, VA 22102

Jerry H. Walters, Jr.
**LITTLER MENDELSON, P.C**
620 South Tryon Street, Suite 950
Charlotte, NC 28202
*Attorneys for Defendants*

اگر آپ مقررہ مدت کے اندر تحریری اعتراض جمع کروا دیتے ہیں، تو آپ کو منصفانہ سنوائی (جیسا کہ سیکشن 20 میں بیان کیا گیا ہے) میں ذاتی طور پر یا اپنے وکیل کے ذریعے پیش ہونے کا اختیار حاصل ہوگا، اگرچہ ایسا کرنا لازمی نہیں ہے۔

رول 23 سیٹلمنٹ کلاس کے وہ اراکین جو مقررہ وقت کے اندر درست طریقے سے اعتراض نہیں کرتے، انہیں مستقبل میں اعتراض کرنے یا عدالت کی جانب سے تصفیے کی منظوری کے خلاف اپیل کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا، اور نہ ہی وہ منظوری کی آخری سنوائی میں بولنے کے اہل ہوں گے۔

عدالت اُن اعتراضات پر غور کر سکتی ہے جو وقت پر جمع کروائے گئے ہوں، تاہم اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر اعتراض پر عمل بھی کیا جائے گا۔ اگر عدالت آپ کے اعتراض پر غور کرنے کے بعد اسے مسترد کر دیتی ہے، تو آپ پھر بھی تصفیے کی شرائط اور سیکشن 6 میں درج ریلیز کلیمز کے پابند رہیں گے۔

## 16۔ اگر میں اعتراض دائر کروں تو کیا کلیم فارم بھی جمع کروانا ضروری ہے؟

یہ آپ کی نیت پر منحصر ہے۔ اگر آپ تصفیے پر اعتراض کرنا چاہتے ہیں لیکن ساتھ ہی تصفیے کی رقم حاصل کرنا بھی چاہتے ہیں، تو آپ کو لازماً وہ کلیم فارم مقررہ وقت کے اندر جمع کروانا ہوگا جیسا کہ سیکشن 9 میں وضاحت کی گئی ہے۔ اگر عدالت آپ کے اعتراض کے باوجود تصفیے کی منظوری دے دیتی ہے، اور آپ نے وقت پر کلیم فارم جمع نہیں کروایا، تو آپ کو کوئی رقم نہیں دی جائے گی (سوائے اس صورت کے کہ آپ نے پہلے سے کسی مقدمے میں شامل ہونے کی منظوری دے رکھی ہو)۔

## 17۔ اعتراض اور خود کو الگ کرنے میں کیا فرق ہے؟

اعتراض کرنے کا مطلب ہے کہ آپ عدالت کو بتا رہے ہیں کہ آپ کو تصفیے کے کسی پہلو سے اختلاف ہے، لیکن آپ تصفیے میں شامل رہنا چاہتے ہیں۔جبکہ تصفیے سے خود کو الگ کرنا اس بات کا اظہار ہے کہ آپ اس معاملے سے مکمل طور پر علیحدگی چاہتے ہیں اور اس تصفیے کا حصہ نہیں بننا چاہتے۔اگر آپ تصفیے سے خود کو الگ کر لیتے ہیں، تو آپ کو اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں رہے گا کیونکہ پھر یہ کیس آپ کو متاثر ہی نہیں کرے گا۔

## تصفیے کے بارے میں آپشنز – اگر آپ کچھ نہ کریں

**18۔ اگر میں بالکل کچھ نہ کروں تو کیا ہوگا؟**

آپ کو کچھ نہ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ تاہم، اگر آپ نے پہلے *Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al.*, CA No.: 7:23-cv-00004-M-RJ کیس میں شمولیت کے لیے رضامندی کا فارم جمع نہیں کروایا، تو اس تصفیے سے آپ کو کوئی رقم نہیں ملے گی۔ اس کے باوجود، سیکشن 6 میں بیان کردہ دعووں کے دستبرداری کے شرائط کا اطلاق آپ پر ہوگا، اور آپ قانونی طور پر پابند ہوں گے۔

## عدالت کی جانب سے منصفانہ سماعت

**19۔ عدالت کب اور کہاں اس تصفیے کی منظوری کے بارے میں فیصلہ کرے گی؟**

عدالت اس تصفیے کی حتمی منظوری کے لیے سماعت کرے گی، جسے کبھی کبھار *منصفانہ سنوائی* بھی کہا جاتا ہے، جو November3, 2025کو دوپہر 2:00 بجے منعقد ہوگی۔ یہ سماعت U.S. District Court for the Eastern District of North Carolina کے Alton Lennon Federal Courthouse, واقع 2 Princess Street, Wilmington, NC 28401، کے Courtroom #1 میں ہوگی، جس کی صدارت Judge Richard E. Myers, IIکریں گے۔ اس سماعت میں عدالت یہ جائزہ لے گی کہ مجوزہ تصفیہ ،جس میں کلاس کونسل کی فیس، اخراجات اور نامزد شکایت کنندگان کو دی جانے والی سروس ایوارڈز شامل ہیں، منصفانہ، مناسب اور معقول ہے یا نہیں، اور کیا اسے منظور کیا جانا چاہیے۔ عدالت سماعت کے دوران یا بعد میں اس بارے میں حتمی فیصلہ کرے گی۔ ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ فیصلہ کرنے میں عدالت کو کتنا وقت لگے گا۔ اس سماعت کی تاریخ یا وقت بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیل ہو سکتا ہے۔

**20۔ کیا مجھے اس سماعت میں آنا ضروری ہے؟**

نہیں، آپ کے لیے اس سماعت میں شریک ہونا ضروری نہیں ہے۔ کلاس کونسل عدالت کے سوالات کا جواب دیں گے۔ اگر آپ چاہیں تو اپنا وکیل رکھ کر اُسے سماعت میں بھیج سکتے ہیں، لیکن ایسا کرنا آپ کے لیے لازمی نہیں ہے۔

اگر تصفیے کے خلاف تحریری اعتراضات جمع کروائے گئے ہوں، تو عدالت اس سماعت میں ان پر غور کر سکتی ہے۔ اگر آپ نے اعتراض جمع کروایا ہے، تو آپ کو عدالت آکر بات کرنے کی ضرورت نہیں، جب تک کہ آپ خود نہ چاہیں۔ تاہم، عدالت اُن افراد کو سن سکتی ہے جنہوں نے وقت پر اعتراض دائر کیا ہو اور حتمی سماعت میں بات کرنے کی باقاعدہ درخواست کی ہو۔

**21۔ کیا میں سماعت میں بات کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ نے وقت پر اور درست طریقے سے اعتراض جمع کروایا ہے، تو آپ عدالت سے درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو منصفانہ سنوائی میں بولنے کی اجازت دی جائے۔ ایسا کرنے کے لیے، آپ کو ایک خط ارسال کرنا ہوگا جس میں واضح طور پر لکھا ہو: *"Notice of Intention to Appear at Hearing on Final Approval of Class Settlement in Jacinto Gomez Ovando et al. v. Mountaire Farms, Inc., et al."* اس خط میں آپ کا پورا نام، پتہ، فون نمبر، اور دستخط شامل ہونا ضروری ہے۔ یہ نوٹس October 1, 2025تک ڈاک کے ذریعے بھیجا جانا چاہیے، اور اسے عدالت کے کلرک، کلاس کونسل، اور ماونٹیئر کے وکیل کو روانہ کیا جانا چاہیے، جیسا کہ سیکشن 15 میں درج پتے پر۔ عدالت عموماً اُن افراد کو جو تصفیے سے علیحدگی اختیار کر چکے ہوں، سماعت میں بولنے کی اجازت نہیں دیتی۔

## انتقامی کارروائی یا امتیازی سلوک کی ممانعت

**22۔ اگر میں مدعا علیہان کے ساتھ موجودہ ملازم ہوں اور اس تصفیے میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتا ہوں، تو کیا مجھے کسی ممکنہ انتقامی کارروائی سے تحفظ حاصل ہوگا؟**

جی ہاں۔ قانون کے مطابق کسی بھی آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ ایسے ملازم کے خلاف انتقامی کارروائی کرے یا امتیازی سلوک روا رکھے جو اس تصفیے میں حصہ لینے کا فیصلہ کرے۔ ماونٹئر آپ کے اس فیصلے کی بنیاد پر، کہ آپ مقدمے یا اس تصفیے میں حصہ لیتے ہیں یا نہیں، آپ کے ساتھ کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک یا انتقامی کارروائی نہیں کرے گا۔

## مزید معلومات

**23۔ کیا اس تصفیے کے بارے میں مزید تفصیلات دستیاب ہیں؟**

جی ہاں۔ یہ نوٹس تجویز کردہ تصفیے کی بنیادی شرائط کا خلاصہ ہے۔ مزید تفصیلات حاصل کرنے کے لیے آپ تصفیہ منتظم یا کلاس کونسل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ تفصیل کے لیے سیکشن 7 ملاحظہ کریں۔

اضافی معلومات کے لیے آپ درج ذیل ذرائع سے رابطہ کر سکتے ہیں:

سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر کو مفت ہیلپ لائن 3975-330 (888)-1 پر کال کریں، یا درج ذیل پتے پر خط بھیجیں Jacinto Gomez Ovando et al v. Mountaire Farms, Inc., et al. سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر۔ c/o CPT Group, Inc., 50 Corporate Park, Irvine, CA 92606 یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
www.GomezOvandoNCChickenProcessingLawsuit.com اس کے علاوہ، کلاس کونسل کے رابطہ کی معلومات کے لیے سیکشن 7 دیکھیں۔

## نوٹ :اس تصفیے کے بارے میں کوئی بھی سوال یا رابطہ عدالت، عدالت کے کلرک، ماونٹئر، یا اس کے وکلاء سے نہیں کیا جانا چاہیے۔

اگر آپ مستقبل میں مراسلے کے لیے اپنا نام یا پتہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم تصفیہ منتظم کو اپنی نئی معلومات خط کے ذریعے اطلاع دیں۔

*جیسنٹو گومیز اووانڈو وغیرہ بنام ماؤنٹیئر فارمز، اِنک، وغیرہ*
*سیٹلمنٹ ایڈمنسٹریٹر*
c/o CPT Group, Inc.
50 Corporate Park
Irvine, CA 92606
Email: GomezOvandoNCChickenProcessingLawsuit@cptgroup.com
Website: www.GomezOvandoNCChickenProcessingLawsuit.com